# پروگرام سیرت النبی ﷺ

سوال۔ اللہ تعالٰی نے لوگوں کو سیدھا راستہ کیسے دکھایا۔

جواب۔ اللہ تعالٰی نے لوگوں کو سیدھا راستہ دکھانے کے لیے نبی بھیجے۔

سوال۔ ہمارے آخری نبی ﷺ کا نام کیا ہے۔

جواب۔ محمد ﷺ۔

سوال۔ حضرت محمد ﷺ کب پیدا ہوئے۔

جواب۔ بارہ ربیع الاول

سوال۔ حضرت محمد ﷺ کہاں پیدا ہوئے۔

جواب۔ محمد ﷺ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

سوال۔ محمد ﷺ کے والد کا کیا نام ہے۔

جواب۔ حضرت عبداللہ۔

سوال۔ محمد ﷺ کی والدہ کا کیا نام ہے۔

جواب۔ حضرت آمنہؓ۔

سوال۔ محمد ﷺ کے دادا کا کیا نام ہے۔

جواب۔ حضرت عبدالمطلب۔

سوال۔ محمد ﷺ کے چچا کا نام کیا ہے۔

جواب۔ حضرت حمزہؓ، حضرت عباسؓ، حضرت ابوطالب۔

سوال۔ محمد ﷺ کا جب نام لیا جاتا ہے تو ہمیں کیا پڑھنا چاہیئے۔

جواب۔ صلی اللہ علیہ وسلم

سوال۔ پہلا کلمہ سنائیں۔

جواب۔ لا الہ اللہ محمد رسول اللہ

سوال۔ پہلے کلمے کا مطلب کیا ہے۔

جواب۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

سوال۔ چار فرشتوں کے نام بتائیں۔